1۔علی گڑھ تحریک کے روح رواں کون تھے؟

A)محمد حسین آزاد B)پریم چند

C)سرسید D)حالی

2۔''مقدمہ تاریخ زبان اردو'' کس کی تصنیف ہے؟

A)محی الدین قادری زور B)مسعود حسین خان

C)محمود شیرانی D)مولوی عبدالحق

3۔مغربی ہندی کی پانچ بولیوں پر مشتمل صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A)برج بھاشا ۔ کھڑی بولی ۔ بندیلی ۔ قنوجی ۔ ہریانی

B)کھڑی بولی ۔ پنجابی ۔ سندھی ۔ ہریانی ۔ برج بھاشا

C)بنگالی ۔ مرہٹھی ۔ کھڑی بولی ۔ قنوجی ۔ راجستھانی

D)شورسینی ۔ برج بھاشا ۔ کھڑی بولی ۔ پنجابی ۔ سندھی

4۔''اردو کی داغ بیل پنجاب کے علاقے میں پڑی'' یہ نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

A)نصیرالدین ہاشمی B)مولوی عبدالحق

C)میرامن D)محمود شیرانی

5۔''آب حیات'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

A)سید سلیمان ندوی B)محمود خان شیرانی

C)نصیرالدین الدین ہاشمی D)محمد حسین آزاد

6۔ان میں سے مسعود حسین خان کے نظریے کی نشاندہی کیجیے۔

A)اردو دکن میں پیدا ہوئی　B)اردو برج بھاشا سے نکلی

C)اردو دلی اور اس کے گردونواح میں پیدا ہوئی　D)اردو لاہور میں پیدا ہوئی

7۔مثنوی کدم راؤ پدم راؤ میں کدم راؤ کی کیا حیثیت ہے؟

A)یوگی　B)جادوگر

C)راجا　D)وزیر

8۔مثنوی کدم راؤ پدم راؤ خاندان بہمنی کے کس بادشاہ کے دور میں لکھی گئی؟

A)محمود شاہ بہمنی　B) نظام شاہ بہمنی

C)فیروز شاہ بہمنی　D)سلطان احمد شاہ ولی بہمنی

9۔میراں جی شمس العشاق کی تصنیف کا نام کیا ہے؟

A)شہادت التحقیق　B)معراج العاشقین

C)واحد باری　D)نوسرہار

10۔''کلمتہ الحقائق'' کس کی تصنیف ہے؟

A)خواجہ بندہ نواز گیسودراز　B)برہان الدین جانم

C)میراں جی شمس العشاق　D)امین الدین اعلیٰ

11۔عادل شاہی سلطنت کا بانی کون تھا؟

A)اسماعیل عادل شاہ　B)یوسف عادل شاہ

C)ابراہیم عادل شاہ　D)علی عادل شاہ

12۔عادل شاہی سلاطین میں جگت گرو کی حیثیت سے کون مشہور ہوا تھا؟

A)ابراہیم عادل شاہ ثانی B)سلطان محمد عادل شاہ

C)یوسف عادل شاہ D)علی عادل شاہ

13۔عادل شاہی سلطنت کس علاقے پر قائم ہوئی تھی؟

A)گول کنڈہ B)بیدر

C)بیجاپور D)احمد نگر

14۔ان میں سے نصرتی کی مثنوی کون سی ہے؟

A) قصہ بے نظیر B)گلشن عشق

C)یوسف زلیخا D)چندر بدن و مہیار

15۔برہان الدین جانم کس کے فرزند اور خلیفہ تھے؟

A)خواجہ بندہ نواز گیسودراز B) نظامی بیدری

C)امین الدین اعلیٰ D)میراں جی شمس العشاق

16۔ابراہیم عادل شاہ ثانی کی کتاب نورس کا موضوع کیا ہے؟

A)گیتوں کا مجموعہ B)عشق وتصوف

C)رشد وہدایت D)واقعات جنگ

17۔رستمی کا اصل نام کیا ہے؟

A) کمال خان B)جمال خان

C)رحمان خان D)رستم خان

18۔مثنوی ''خاور نامہ'' کے مرکزی کردار کی نشاندہی کیجیے۔

A)حضرت عثمان B)حضرت علی

C)حضرت عائشہ D)حضرت امام حسین

19۔صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

A)تاریخ اسکندری۔نصرتی B)گلشن عشق۔وجہی

C)فتح نامہ نظام شاہی۔غواصی D)یوسف زلیخا۔ابن نشاطی

20۔قطب شاہی سلطنت کا بانی کون تھا؟

A) عبداللہ قطب شاہ B)سلطان قلی قطب شاہ

C)جمشید قلی D)ابراہیم قطب شاہ

21۔''قطب مشتری'' کس کی لکھی ہوئی مثنوی ہے؟

A)غواصی B)ابن نشاطی

C) نصرتی D)ملا وجہی

22۔اسداللہ کس دکنی شاعر کا نام تھا؟

A)وجہی B)نصرتی

C)رستمی D)ہاشمی

23۔''سب رس'' میں بادشاہ ''عقل'' کے لڑکے کا نام کیا ہے؟

A)نظر B)عافیت

C)دل D)ناموس

24۔ان میں سے کون سی مثنوی غواصی کی نہیں ہے؟

A)چندر بدن ومہیار B)مینا ستونتی

C)سیف الملوک بدیع الجمال D)طوطی نامہ

25۔شیخ امام بخش کس شاعر کا نام تھا؟

A)میر حسن B)ناسخ

C)آتش D)جوش

26۔ناسخ کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟

A)جدت پسندی B)ایہام گوئی

C)اصلاح زبان D)ظریفانہ شاعری

27۔ نہ گورِ سکندر نہ ہے قبر دارا
مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

یہ کس کا شعر ہے؟

A)مومنؔ B)میر تقی میرؔ

C)ذوقؔ D)آتشؔ

28۔وزیر زادی نجم النساء کس مثنوی کا کردار ہے؟

A)گلشن عشق B)سحر البیان

C)گلزار نسیم D)قطب مشتری

29۔میر حسن کا انتقال کس سنہ میں ہوا؟

A)1784 B)1785

C)1786 D)1787

30۔ دبستان دہلی کے شعراء کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A) آتش۔ذوق۔ناسخ۔دیاشنکرنسیم B) غالب۔ذوق۔مومن۔درد

C) ناسخ۔دیاشنکرنسیم۔انیس۔مومن D) ذوق۔مومن۔انیس۔ناسخ

31۔ بلبل دلی نے باندھا اس چمن میں آشیاں

ہم نوا ہیں سب عنادل باغ ہستی کے جہاں

اس شعر میں ''بلبل دلی'' سے اقبال کا اشارہ کس کی طرف ہے؟

A) غالب B) میر

C) سرسید D) داغ

32۔ مرثیہ غالب کس کی تخلیق ہے؟

A) میر انیس B) امجد

C) حالی D) جوش

33۔ صحیح لفظ لگا کر مرثیہ غالب کا یہ شعر مکمل کیجیے:

بلبل ہند مر گیا ہیہات

جس کی تھی بات بات میں اک۔۔۔۔۔

A) سوغات B) بات

C) ذات D) صفات

34۔ پیا باج پیالا پیا جائے نا

پیا باج یک تل جیا جائے نا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

A) غواصی B) ولی اورنگ آبادی

C) ابراہیم عادل شاہ D) محمد قلی قطب شاہ

35۔غزل کی طرح قافیہ وردیف کا اہتمام کس صنف سخن میں ہوتا ہے؟

A)قصیدہ B)دوہے

C)ہائیکو D)ماہیا

36۔قصیدے کی تمہید کو کیا کہتے ہیں؟

A)گریز B)مداح

C)تشبیب D)مدعا

37۔مخمس میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

A) 4 B) 5

C) 6 D) 7

38۔ایسی نظم جس کا ہر بند تین مصرعوں پر مشتمل ہو۔۔۔۔کہلاتی ہے؟

A)مربع B)مسدس

C)ماہیا D)مثلث

39۔ولی کا دیوان کس سنہ میں دلی پہنچا تھا؟

A)1781 B)1782

C)1783 D)1784

40۔مقطع کے اس شعر کو مناسب لفظ لگا کر مکمل کیجیے:

۔۔۔۔ایران و توران میں ہے مشہور

اگرچہ شاعر ملک دکن ہے

A)نظامی بیدری B)رستمی

C)وجہی D)ولی

41۔مشمول غالب بڑے بڑے اساتذہ فن نے کس شاعر کی بارگاہ میں خراج عقیدت پیش کیا تھا؟

A)سودا B)میر

C)درد D)ولی اورنگ آبادی

42۔میر کا ''کلیاتِ اردو'' کل ۔۔۔۔دواوین پر مشتمل ہے۔

A)چھے B)پانچ

C)چار D)تین

43۔ان میں سے کس شاعر کو ''صوفی شاعر'' کی حیثیت سے شہرت حاصل ہوئی؟

A)غالب B) ذوق

C)درد D)مومن

44۔ اے شمع تیری عمر طبیعی ہے ایک رات
ہنس کر گذار یا اسے رو کر گذار دے

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

A) مومن B)سودا

C)غالب D)ذوق

45۔''خاقانئ ہند'' کس شاعر کا خطاب ہے؟

A) ذوق B)غالب

C) فراق D)سودا

46۔شوخی وظرافت کس شاعر کے کلام کی اہم خصوصیت ہے؟

A)مومن B)غالب

C)سودا D)درد

47۔ آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمائش

---------------

صحیح مصرعہ لگا کر شعر مکمل کیجیے۔

A) ان سنی کرنے سے ہوتی ہے مشکل B) گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل

C) بہروں کو ہوتی ہے سننے میں مشکل D) بے خبر رہنے سے ہوتی ہے مشکل

48۔غالب کی وفات کس سنہ میں ہوئی ؟

1868 (A 1869 (B

1870 (C 1871 (D

49۔کس شاعر کی بدولت لال قلعہ کی زندگی میں پھر سے بہار آئی اور شعر وسخن کی محفل نئے سرے سے آراستہ ہوئی ؟

A)آتش B)میر حسن

C)ناسخ D)بہادر شاہ ظفر

50۔ان میں سے کون سا مجموعہ فراق گورکھپوری کا نہیں ہے؟

A)سوز وساز B)روپ

C)مشعل D)شبستان

51۔''گیان پیٹھ ایوارڈ'' کس شاعر کو پیش کیا گیا؟

A)مجاز B)فراق گورکھپوری

C)تلوک چند محروم D)حسرت موہانی

52۔کس شاعر نے ظرافت کی آڑ میں انگریزی تہذیب کو طنز کا نشانہ بنایا تھا؟

A)نظیر اکبرآبادی B)اکبرالہ آبادی

C)امجد حیدرآبادی D)چکبست

53۔نظیر اکبرآبادی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

A)دلی1740 B)آگرہ 1742

C)لکھنو 1745 D)بجنور1747

54۔حالی کی نظم ''مدوجزر اسلام'' کو کس بزرگ نے اپنی نجات کا ذریعہ سمجھا؟

A)غالب B)شیفتہ

C)مولانا آزاد D)سرسید

55۔''مقدمہ شعروشاعری'' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

A)سفرنامہ B)تنقید

C)تذکرہ D)تحقیق

56۔اردو میں موضوعاتی نظمیں لکھنے کی داغ بیل کس نے ڈالی تھی؟

A)سرسید B)غالب

C)محمد حسین آزاد D)مولانا شبلی

57۔شاعر اطفال کی نشاندہی کیجیے۔

A)ن م راشد B)جاں نثار اختر

C)اسماعیل میرٹھی D)فیض احمد فیض

58۔ان میں سے کس شاعر نے وطن کی عظمت کا بیان پورے جوش وعقیدت کے ساتھ کیا تھا؟

A)فانی B)چکبست

C)سودا D)میراں جی

59۔زمانی ترتیب کے لحاظ سے قلم کاروں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A)رجب علی بیگ سرور ۔سرسید۔محمد حسین آزاد۔ڈپٹی نذیر احمد۔مولانا حالی

B)مولانا حالی۔سرسید۔ڈپٹی نذیر احمد۔محمد حسین آزاد۔رجب علی بیگ سرور

C)محمد حسین آزاد۔مولانا حالی۔ڈپٹی نذیر احمد۔سرسید۔رجب علی بیگ سرور

D)سرسید۔رجب علی بیگ سرور۔مولانا حالی۔ڈپٹی نذیر احمد۔محمد حسین آزاد

60۔انجمن ترقی پسند مصنفین کا پہلا اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا تھا؟

A)1934 علی گڑھ B)1935 دلی

C)1936 لکھنو D)1937 لاہور

61۔مجاز کے مجموعہ کلام کا نام بتایئے۔

A)آتش گل B)گل تر

C)سرخ سویرا D)آہنگ

62۔ان میں سے کون مزدوروں کے شاعر کی حیثیت سے مشہور ہوئے؟

A)شاد B)مخدوم

C)حسرت D)فانی

63۔ ''بساط رقص'' اور ''سرخ سویرا'' کس شاعر کے مجموعے کلام ہیں؟

A)مخدوم B)جاں نثار اختر

C) ساحر لدھیانوی D)میرا جی

64۔ترقی پسند شعراء کے زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A)حالی۔آزاد۔مومن۔غالب

B)مجاز۔سردار جعفری۔فیض۔ساحر لدھیانوی

C)چکبست۔اکبر۔امجد۔اقبال

D)فانی۔حسرت موہانی۔صفی لکھنوی۔جگر

65۔سردار جعفری کے مجموعہ کلام کی نشاندہی کیجیے۔

A)حدیث دل B)نئی دنیا کو سلام

C)شکست زنداں D)غم دوراں

66۔ان میں سے کس شاعر کے گیت، گانے اور نغمے فلمی دنیا میں بہت مقبول ہوئے تھے؟

A)مجاز B)ن م راشد

C)فیض D)ساحر لدھیانوی

67۔معریٰ نظم کی صحیح تعریف کیا ہے؟

A) نظم کی بنیاد ایک ہی بحر میں ہوتی ہے مگر مصرعوں کا برابر ہونا ضرعری نہیں

B) بحر اور وزن کی پابندی کی جاتی ہے مگر قافیہ ضروری نہیں

C) بحر وزن قافیہ کی پابندی ضروری ہے

D) بحر وزن اور قافیہ کی پابندی کے ساتھ مطلع اور مقطع بھی ضروری ہے

68۔فیض کے مجموعہ ہائے کلام کو ایک ساتھ ملا کر۔۔۔۔۔۔نام سے شائع کیا گیا۔

A)نقش فریادی B)غبار ایام

C)نسخہ ہائے وفا D)سروادیٔ سینا

69۔ آیا ہمارے دیس میں اک خوش نوا فقیر
آیا اور اپنی دھن میں غزل خواں گذر گیا
اس شعر میں خوش نوا فقیر سے فیض کا اشارہ کس کی طرف ہے؟
A)غالب B)میر
C)حالی D)اقبال

70۔نظم ''زنداں کی ایک صبح''، فیض کے کس مجموعہ میں شامل ہے؟
A)دست صبا B)نقش فریادی
C)زنداں نامہ D)شام شہر یاراں

71۔فورٹ ولیم کالج کا قیام کس شہر میں ہوا تھا؟
A)کلکتہ B)دلی
C)حیدر آباد D)لکھنو

72۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔
A)سید حیدر بخش حیدری۔سنگھاسن بتیسی B)میر امن ۔اخلاق ہندی
C)میر شیر علی افسوس۔باغ اردو D)میر بہادر علی حسینی۔باغ و بہار

73۔''فسانہ عجائب'' کس کی تصنیف ہے؟
A)میر امن B)مرزا رجب علی بیگ سرور
C)مولانا صہبائی D)ماسٹر رام چندر

74۔مولانا صہبائی اور ماسٹر رام چندر کا تعلق کس تعلیمی ادارے سے تھا؟
A)دلی کالج B)فورٹ ولیم کالج
C)فورٹ سینٹ جارج کالج D)عثمانیہ کالج

75۔سرسید کی کتاب ''آثارالصنادید'' کا موضوع کیا ہے؟

A)شعراء اردو کا تذکرہ　B) پہلی جنگ آزادی کے واقعات

C)دلی کی تاریخی عمارتوں اور نامور لوگوں کے حالات　D)تصوف اور عشق کا بیان

76۔''تہذیب الاخلاق'' کیا ہے؟

A)رسالہ　B)افسانہ

C)داستان　D)تذکرہ

77۔محمد حسین آزاد کے لازوال کارنامے کی نشاندہی کیجیے۔

A)نکات الشعراء　B) آب حیات

C) گلشن ہند　D)تذکرہ ریختہ گویاں

78۔پروفیسر آل احمد سرور نے حالی کی کس تصنیف کو اردو شاعری کا پہلا مینی فیسٹو کہا تھا؟

A)مقدمہ شعروشاعری　B)حیات جاوید

C) یادگار غالب　D)مجالس النساء

79۔ان میں سے کون سرسید کے رفقاء میں شامل نہیں تھے؟

A)حالی　B)شبلی

C)ڈپٹی نذیر احمد　D)سرشار

80۔خاکہ نگاروں پر مشتمل زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A)غالب ۔ سرسید ۔ حالی ۔ شبلی

B)مشتاق احمد یوسفی ۔ فرحت اللہ بیگ ۔ رشید احمد صدیقی ۔ عبدالحق

C)فیض احمد فیض ۔ احتشام حسین ۔ آل احمد سرور ۔ کلیم الدین احمد

D)ابوالکلام آزاد ۔ میرامن ۔ کرشن چندر ۔ محمود شیرانی

81۔مولوی وحیدالدین سلیم کا گراں قدر کارنامہ کیا ہے؟

A)اصلاح زبان اردو B)تبلیغ اسلام

C)ایہام گوئی D)وضع اصطلاحات

82۔اردو تنقید میں ایک بت شکن کی حیثیت سے شہرت کسے حاصل ہوئی تھی؟

A)کلیم الدین احمد B)احتشام حسین

C)آل احمد سرور D)شمس الرحمٰن فاروقی

83۔''روایت اور بغاوت''،''تنقیدی جائزے'' اور''تنقید اور عملی تنقید'' کس کی تصانیف ہیں؟

A)عظمت اللہ خان B)مولانا شبلی

C)خواجہ احمد فاروقی D)احتشام حسین

84۔''غبار خاطر'' کس کی تصنیف ہے؟

A)پطرس بخاری B)ابوالکلام آزاد

C)شمس الرحمٰن فاروقی D)محمد حسین آزاد

85۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

A)خنداں۔پطرس بخاری B)مرحوم کی یاد میں۔رشید احمد صدیقی

C)سنگ وخشت۔کنھیا لال کپور D)چنگ ورباب۔عبدالحق

86۔ان میں سے کون سی تصنیف رشید احمد صدیقی کی نہیں ہے؟

A)نئے اور پرانے چراغ B)گنج ہائے گراں مایہ

C)طنزیات ومضحکات D)ہم نفسانِ رفتہ

87۔ ''غالب جدید شعراء کی مجلس میں'' کس کا یادگار مضمون ہے؟

A) پطرس بخاری B) مشتاق احمد یوسفی

C) ملا رموزی D) کنھیا لال کپور

88۔ نظم ''خضر راہ'' اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے

A) ضرب کلیم B) بانگ درا

C) ارمغان حجاز D) بال جبریل

89۔ نہ تو زمیں کے لیے ہے نہ آسماں کے لیے
جہاں ہے ترے لیے تو نہیں جہاں کے لیے

اس شعر میں ''جہاں ہے ترے لیے'' کہہ کر اقبال کس سے مخاطب ہیں؟

A) طالب علم B) کسان

C) مسلمان D) مزدور

90۔ فیض کے پہلے اور آخری مجموعہ کلام کی نشاندہی کیجیے۔

A) غبار ایام اور دست صبا B) دست صبا اور زنداں نامہ

C) نقش فریادی اور سر وادیٔ سینا D) نقش فریادی اور غبار ایام

91۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ : میر خدائے سخن ہیں

دلیل : کیوں کہ انھوں نے چھے دیوان یادگار چھوڑے ہیں

A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح

C) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے D) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط

92۔''مرزا ظاہر دار بیگ'' ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کا کردار ہے؟

A) توبتہ النصوح B) ابن الوقت

C) مراۃ العروس D) بنات النعش

93۔ناول ''فسانہ مبتلا'' کا موضوع کیا ہے؟

A) بیوہ کے مسائل B) ایک سے زیادہ شادیوں کے نقصانات

C) لڑکیوں کی اصلاح D) جہیز کے مسائل

94۔سرشار کو کس صنف ادب سے شہرت حاصل ہوئی ؟

A) ڈرامہ B) افسانہ

C) سوانح D) ناول

95۔ناول ''فسانہ آزاد'' کب شائع ہوا اور یہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

A) 1879 تین جلدوں پر B) 1880 چار جلدوں پر

C) 1882 پانچ جلدوں پر D) 1884 چھے جلدوں پر

96۔''کامنی''، ''بچھڑی دلہن'' اور ''کڑم دھڑم'' کس ناول نگار کی یادگار ہیں؟

A) شرر B) رسوا

C) کرشن چندر D) سرشار

97۔کس ناول نگار نے اپنے ناولوں کے ذریعہ تاریخ اسلام کو زندہ کیا تھا؟

A) سرشار B) رسوا

C) شرر D) قرۃ العین حیدر

98۔ذیل کے اس زمرے کی نشاندہی کیجیے جس میں صرف شرر کے ناولوں کے نام درج ہیں۔

A)حاجی بغلول۔کایا پلٹ ۔عروس کربلا B)شریف زادہ۔ذات شریف۔صبح زندگی

C) زوال بغداد۔فردوس بریں۔منصور موہنا D)جام سرشار۔سیر کہسار۔آمنہ کالال

99۔پریم چند کہاں اور کس سنہ میں پیدا ہوئے؟

A)1879 لکھنو B)1880 بنارس

C)1882 الہ آباد D)1884 بجنور

100۔ناول ''میدان عمل'' کے مرکزی کردار کی نشاندہی کیجیے۔

A)امر کانت B)رائے اگر پال

C)داتا دین D)اوم کار ناتھ

101۔ناول گئودان میں ہوری کی گائے کو زہر کون دیتا ہے؟

A)مہتا B) بھولا

C)ہیرا D)رام سیوک

102۔کرشن چندر کے کس ناول کو پڑھ کر ایک جیتا جاگتا کشمیر ہماری نگاہوں کے سامنے آجاتا ہے؟

A)جب کھیت جاگے B)شکست

C)ایک عورت ہزار دیوانے D) آسمان روشن ہے

103۔قرۃ العین حیدر کے درج ذیل ناولوں میں سے ان کا سوانحی ناول کونسا ہے؟

A) میرے بھی صنم خانے B)صفینہ غم دل

C) آگ کا دریا D) کار جہاں دراز ہے

104۔راجندر سنگھ بیدی کہاں اور کس سنہ میں پیدا ہوئے؟

A)1913 پنجاب B)1914 ہریانہ

C)1915 لاہور D)1916 دہلی

105۔صحیح جوڑی کی نشاندہی کیجیے۔

A)راجندر سنگھ بیدی۔گرہن B)عصمت چغتائی۔دانہ ودام

C) کرشن چند۔تلادان D)منٹو۔کالو بھنگی

106۔منٹو کے افسانوں کے مجموعہ کی نشاندہی کیجیے۔

A)ان داتا B)ٹھنڈا گوشت

C)طلسم خیال D)زادراہ

107۔ڈراما ''خانہ جنگی'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

A)دومولویوں کے درمیان نظریاتی اختلاف B)دوتاجروں کے درمیان کاروباری جھگڑا

C)دوزمین داروں کے درمیان رسہ کشی D)دوشہزادوں کے درمیان نظریات کی کشمکش

108۔درج ذیل فن کاروں کی جوڑی کی نشاندہی کیجیے جن کی پیدائش سیالکوٹ میں ہوئی۔

A)انیس ودبیر B) جگرواصغر

C)سردار جعفری ومخدوم D)اقبال اور فیض

109۔ڈراما رستم وسہراب کس کی تصنیف ہے؟

A)آغا حشر کاشمیری B)حبیب تنویر

C)ڈاکٹر محمد حسن D)امانت لکھنوی

110۔ڈراما رستم وسہراب میں سہراب کی ماں کا نام کیا ہے؟

A) آمنہ B) میمونہ

C) تہمینہ D) ثمینہ

111۔چمپا اور گوتم نیلمبر کس ناول کے کردار ہیں؟

A) آگ کا دریا B) توبتہ النصوح

C) امراؤ جان ادا D) ابن الوقت

112۔حیات اللہ انصاری کا ناول ''لہوح کے پھول'' کا موضوع کیا ہے؟ اور یہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

A) اصلاح معاشرہ۔تین جلدیں B) خواتین کے مسائل۔چار جلدیں

C) جدوجہد آزادی کی تاریخ۔پانچ جلدیں D) ملک کے کسانوں کی بدحالی۔چھے جلدیں

113۔امجد حیدر آبادی کس صنف سخن کے بے تاج بادشاہ ہیں؟

A) غزل B) مثنوی

C) رباعی D) قصیدہ

114۔ڈراما تماشا اور تماشائی میں ڈاکٹر محمد حسن نے کس ادبی شخصیت کو موضوع بنایا ہے؟

A) نظیر اکبر آبادی B) میر تقی میر

C) سرسید D) غالب

115۔''روٹی'' کس شاعر کی نظم ہے؟

A) چکبست B) ن م راشد

C) نظیر اکبر آبادی D) فیض احمد فیض

116۔صحیح تخلص لگا کر شعر مکمل کیجیے۔

جب سے دیکھی ابوالکلام کی نثر

نظم۔۔۔۔۔میں کچھ مزا نہ رہا

A)آتش B)حالی

C)چکبست D)حسرت

117۔وہ نام جو آدمی کے کسی وصف یا صفت کی وجہ سے مشہور ہو جائے اسم خاص کے تحت کیا کہلاتا ہے؟

A)لقب B)خطاب

C)کنیت D)عرف

118۔''صبح شام''اور''مدرسہ مسجد''اسم عام کی کس قسم سے تعلق رکھتے ہیں؟

A)اسم مکبر B)اسم صوت

C)ظرف زماں وظرف مکاں D)اسم جمع

119۔ذیل میں دیے گئے جملوں میں سے ماضی مطلق کی نشاندہی کیجیے۔

A) کھایا ہوگا B) کھایا

C) کھایا تھا D) کھایا ہے

120۔ان جملوں میں سے فعل لازم پہچانیے۔

A)اکبر آیا B)بلی نے چوہے کو پکڑا

C) بھوک لگتی تو کھاتے D)امجد دلی گیا ہوگا

......☆☆☆☆☆......